(معروضی طرز)

مطالعہ پاکستان (لازمی) (نیو سکیم) — (پہلا گروپ) — پرچہ I (معروضی طرز)

وقت: 15 منٹ — کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C'B'A اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1 سندھ مسلم لیگ نے کب اپنے سالانہ اجلاس میں تقسیم کے حق میں قرارداد منظور کی:

(A) 1908ء (B) 1918ء (C) 1928ء (D) 1938ء

-2 1930ء میں مسلمانوں کو الگ ریاست کا تصور دینے والی شخصیت ہے:

(A) سر سید احمد خان (B) چودھری رحمت علی (C) سر آغا خان (D) علامہ محمد اقبال

-3 اسلام کا پہلا رکن ہے:

(A) توحید و رسالت (B) نماز (C) روزہ (D) زکوٰۃ

-4 1946ء کی عبوری حکومت میں کتنے مسلم لیگی وزراء شامل تھے؟

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

-5 آب و ہوا کے لحاظ سے پاکستان کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

(A) 2 (B) 4 (C) 6 (D) 8

-6 اقوام متحدہ کی کوششوں سے 1965ء کی جنگ بندی کب ہوئی؟

(A) 12 ستمبر 1965ء (B) 15 ستمبر 1965ء (C) 20 ستمبر 1965ء (D) 23 ستمبر 1965ء

-7 پاکستان کے جنوب میں کونسا سمندر واقع ہے؟

(A) خلیج بنگال (B) بحیرہ عرب (C) خلیج فارس (D) بحیرہ قلزم

-8 چھ نکاتی فارمولا کس نے پیش کیا۔

(A) مجیب الرحمٰن (B) ذوالفقار علی بھٹو (C) بھاشانی (D) یحییٰ خاں

-9 دوسرے پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے کا دورانیہ ہے:

(A) 1950--55 (B) 1955-60 (C) 1960--65 (D) 1960--70

-10 شور کی آلودگی زیادہ پائی جاتی ہے:

(A) دیہاتوں میں (B) شہروں میں (C) جنگلوں میں (D) میدانوں میں

(انشائیہ طرز)

مطالعہ پاکستان (لازمی) (نیو سکیم) — (پہلا گروپ) — پرچہ I (انشائیہ طرز)

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ — کل نمبر 40

(حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے: 12

(i) ترجمہ کیجئے۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

(ii) قائداعظم نے سٹیٹ بنک کا افتتاح کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

(iii) عقیدہ رسالت کا کیا مطلب ہے؟

(iv) چودھری رحمت علی نے لفظ "پاکستان" کب تجویز کیا؟

(v) کابینہ مشن پلان میں صوبائی گروپ کی تشکیل کیسے ہوئی؟

(vi) قرارداد پاکستان کب اور کہاں منظور ہوئی؟

(vii) 1857ء کی جنگ آزادی کی ناکامی کے بعد مسلم اکابرین کس فکر میں تھے؟

(viii) پاکستان کا مطالبہ کیسے پروان چڑھا؟

(ix) قرارداد پاکستان 1940ء کے اجلاس کی کارروائی مختصراً بیان کریں۔

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے: 12

(i) پاکستان میں چار بڑے گلیشیرز کے نام لکھئے۔

(ii) ہمالیہ کبیر کے پہاڑی سلسلے کی مشہور چوٹی کونسی ہے؟

(iii) شاہراہ ریشم کس پہاڑی سلسلے میں واقع ہے؟

(iv) سطح مرتفع پوٹھوار کہاں واقع ہے؟

(v) دوسرے پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے کے اہداف کیا تھے؟

(vi) معاشی ترقی سے کیا مراد ہے؟

(vii) لیاقت علی خان نے مسلم لیگ میں شمولیت کب اختیار کی؟

(viii) پاکستان اور بھارت کے درمیان سندھ طاس معاہدہ کب طے پایا؟

(ix) پہلی آئین ساز اسمبلی کے سپیکر کون تھے؟

(حصہ دوم)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھئے۔

-4 کرپس مشن اور کابینہ مشن پلان کی تجاویز کا تقابلی جائزہ لیں۔ 8

-5 دو قومی نظریے کی وضاحت کریں۔ 8

-6 درج ذیل پر نوٹ لکھئے: 4,4

(الف) پانی، زمین، نباتات اور جنگلی حیات کو بچانے میں درپیش مشکلات بیان کریں۔

(ب) بنیادی جمہوریتوں کے نظام کے مختلف مراحل کا جائزہ لیں۔

☆☆☆☆☆

www.ilmkidunya.com